بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
اپریل 2025

1۔ قرآن کریم

"سورۃ البُروج" بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیت نمبر 2 میں "السَّمَآءِ" کا کیا مطلب ہے؟
- آیت نمبر 2 میں "الۡبُرُوۡجِ" کا کیا مطلب ہے اور قرآن مجید میں اس کی کیا تفسیر بیان کی گئی ہے؟
- آیت نمبر 3 میں "وَالۡيَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ" کی کیا اہمیت ہے؟
- آیت نمبر 4 کی تفسیر میں "وَشَاهِدٍ وَّمَشۡهُوۡدٍ" کی کیا تفصیل بیان کی گئی ہے؟
- اس سورۃ کی کونسی آیت میں صفت باری تعالیٰ "الۡحَمِيۡدِ" کا ذکر آیا ہے؟
- آیت نمبر 11 میں مومنوں کو فتنہ میں ڈالنے والوں کے انجام کے بارے میں کیا بیان کیا گیا ہے؟
- آیت نمبر 12 میں کس بڑی کامیابی کا ذکر آیا ہے؟
- اس سورۃ میں کن صفاتِ باری تعالیٰ کا ذکر ملتا ہے؟
- اس سورۃ کی کونسی آیت میں صفت باری تعالیٰ "الۡمَجِيۡدُ" کا ذکر آیا ہے؟
- اس سورۃ میں "کھائیوں والوں" کے علاوہ کن دو لشکروں کا ذکر ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 199–212
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 513-541
https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/Tafsir-e-Kabir-Vol-11.pdf



click to read

2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ البقرہ کی آیت 240 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَاذۡ كُرُوا اللّٰہَ كَمَا عَلَّمَكُمۡ

پھر (اسی طریق پر) اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں سکھایا ہے

- قرآن مجید کی یہ آیت ہمیں پانچ وقت نماز کی ادائیگی کے اہم حکم کی طرف توجہ دلاتی ہے۔ تفسیر کبیر میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ فرماتے ہیں "پیدل یا سوار جس حالت میں بھی ہو تم نماز پڑھ لو" صرف خاص موقعوں یا حالتوں پر جائز ہے اور جیسا ہی حالات بہتر ہوں نماز ویسے ہی ادا کی جائے جیسا کہ حکم دیا گیا ہے۔ آپؓ نے مزید فرمایا" اور تم امن میں آ جاؤ تو پھر تمہیں اسی طرح نماز پڑھنی چاہیے جس طرح قُوۡمُوۡا لِلّٰہِ قٰنِتِیۡنَ میں حکم دیا گیا ہے یعنی خاموشی اور بغیر ضروری حرکت کے"۔
- اس حکم کو مزید بہتر رنگ میں سمجھنے کے لئے قرآن مجید کی اس آیت کو بمعہ ترجمہ و تفسیر غور سے پڑھیں اور حضرت خلیفة المسیح الرابعؒ کی ترجمۃ القرآن کلاس کو تفصیل سے سنیں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 213
https://www.openquran.com/search?query=2:240

3۔ اسماء الحسنیٰ

- اللہ تعالیٰ کی صفت " اَلنُّوۡرُ " (نور ہی نور) کا مطالعہ کریں۔

- اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ وہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے جو روشنی دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفت " اَلنُّوۡرُ " کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اور اس بات پر غور کریں کہ یہ صفت کس طرح مومنوں کو اندھیرے سے روشنی کی طرف لاتی ہے؟ آنحضور ﷺ کو کونسے دو خاص نور عطا کیے گئے تھے جو آپؐ سے پہلے کسی کو عطا نہیں ہوئے تھے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 214-216
خطبہ جمعہ مورخہ 25/12/2009: https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-12-25.html

4۔ نماز۔ قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں

- مضمون 'قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں' بیان فرمودہ حضرت مصلحِ موعودؓ میں سے قیام نماز کی چھٹی منزل کا مطالعہ کریں۔

6۔اس کے بعد چھٹا درجہ ایمان کا یہ ہے کہ نوافل پڑھے جائیں۔ یہ نوافل پڑھنے والا گویا خدا تعالیٰ کے حضور یہ ظاہر کرتا ہے کہ میں نے فرائض کو تو ادا کر دیا ہے مگر ان فرائض سے میری تسلی نہیں ہوئی اور وہ کہتا ہے اے خدا! میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان فرائض کے اوقات کے علاوہ بھی تیرے دربار میں حاضر ہوا کروں۔

- حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ اپنی کتاب ذکرِ الٰہی میں نوافل کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "نوافل خدا تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہوتے ہیں یعنی نجات کے علاوہ اعلیٰ مدارج حاصل کرنے کا موجب بنتے ہیں"۔
- کتاب ذکرِ الٰہی صفحہ نمبر 510–511 کو تفصیل سے پڑھیں اور اس بات پر غور کریں کہ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے ہم نوافل کی ادائیگی میں کس طرح باقاعدگی اختیار کر سکتے ہیں؟ قرآن کریم میں نوافل کی کیا فضیلت بیان ہے؟ ہم ان رکاوٹوں پر کیسے قابو پا سکتے ہیں جو ہمیں نوافل کی ادائیگی سے روکتی ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 170
ذکرِ الٰہی صفحہ نمبر 510–511: https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/AU3.pdf#page=506ume 3

5۔ کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں حضرت مصلح موعودؓ نے بیان فرمایا ہے کہ تیسرا مقصد مذہب کا بنی نوع انسان کی تمدنی ضروریات کا حل ہے۔ مذہب کے اس تیسرے مقصد کا مطالعہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- اسلامی تعلیمات کے مطابق میاں بیوی کے تعلقات کی بنیاد کس پر ہونی چاہیے؟
- اسلام بیوی کے حقوق کی کس طرح حفاظت کرتا ہے اور خاوند کی کیا ذمہ داریاں بیان فرماتا ہے؟
- میاں بیوی کے درمیان اختلافات اور تعلقات کے بگڑنے پر کیا حکم دیا گیا ہے؟
- اسلام میں ازدواج کے مسئلہ کے بارے میں کیا تعلیمات دی گئی ہیں؟

click to read

ذرائع کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام۔ صفحہ نمبر 268